Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | حمد البارک، 12 جولائی 2024ء، 5 محرم الحرام 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 108

ڈیجیٹائزیشن اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی ترجیح ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب سے پی ٹی سی ایل گروپ کے صدر، سی ای او حاتم بامترف اور گروپ چیف ریگولیٹری آفیسر نوید خالد بٹ کی ملاقات

پنجاب میں ڈیجیٹائزیشن اور ڈیجیٹل کمیونیکیشن کیلئے تعاون پر گفتگو، حاتم بامترف نے ڈیجیٹل پنجاب ویژن کو سراہا، تعاون کی یقین دہانی

وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل جدت اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کو فروغ دینا پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پی ٹی سی ایل گروپ کے صدر اسری ای او حاتم بامترف اور گروپ چیف ریگولیٹری آفیسر نوید خالد بٹ نے ملاقات کی، پنجاب میں ڈیجیٹائزیشن اور ڈیجیٹل کمیونیکیشن کیلئے تعاون پر گفتگو ہوئی۔ (نیتہ نمبر 26)

برادارے کو اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے، فضل الرحمٰن

جمہوریت کی حمایت، اختیارات سے تجاوز کی مخالفت کے باعث زیر عتاب ہیں

، سیاستدان، سیاست کریں اور ہر ادارہ اپنا کام کرے تو مسائل کو ختم کیا جا سکتا ہے

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم اس لیے زیر عتاب ہیں کہ پارلیمان اور جمہوریت کی بات کرتے ہیں، اپنے اختیارات سینٹرا ونز کرنے کی مخالفت ہی سزا یا رہے ہیں۔ میڈیا سے (نیتہ نمبر 27)

دانش سکولز کا دائرہ وسیع کیا جائیگا، وزیراعظم

مشکلات حالات میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نوجوان قابل تحسین ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ دانش سکولز کا دائرہ وسیع کیا جائیگا، مشکل حالات میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نوجوان قابل تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے (نیتہ نمبر 30)

الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین 2019 میں ترمیم

60 لاکھ سالانہ آمدن والے ریسٹورنٹس کو الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب کروانا لازمی قرار

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین 2019ء میں ترمیم کر دی۔ ترجمان کے مطابق پنجاب حکومت کی منظوری سے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم قوانین (نیتہ نمبر 29)

سپریم کورٹ کا ملزمان سے غیر انسانی سلوک نہ کرنے کا حکم

آپ کے پاس کوئی تفصیلات ہیں ملزمان کے اٹھانے سے متعلق؟ جسٹس حسن اظہر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں فوجی عدالتوں میں شہریوں کی سماعت کے دوران جسٹس عرفان سعادت نے ریمارکس دیئے ہیں کہ انسانوں کے ساتھ غیر انسانی برتاؤ نہ (نیتہ نمبر 28)

دانش سکولز نیٹ ورک کو ملک بھر میں تیزی سے پھیلایا جائے گا، اسلام آباد میں بھی زمین حاصل کر لی

وزیراعظم

نوجوانوں کے پاس ملکی ترقی کی کنجی ہے

دانش سکولز نیٹ ورک کو ملک بھر میں تیزی سے پھیلایا جائے گا، اسلام آباد میں بھی زمین حاصل کر لی، ہونہار طالبعلم ایان کاشف سے ملاقات، 10 لاکھ روپے کا چیک اور ایک لیپ ٹاپ دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ نوجوانوں کے پاس ملکی ترقی کی کنجی ہے۔ حکومت زراعت، صنعتوں اور آئی ٹی کیلئے ان کی تکنیکی اور پیشہ ور ذرائع پر توجہ دے رہی ہے، خوشی ہے مریم نواز صاحبہ بھی اس وژن کو آگے بڑھا رہی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دانش سکولز نیٹ ورک کو ملک بھر میں تیزی سے پھیلایا جائے گا۔ اسلام آباد وزیراعظم ہاؤس میں شہباز شریف (نیتہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف منسٹر یوتھ انٹرنشپ انیشیٹو اور ای بائیک پروگرام کے تحت طلبہ کو ای بائیکس کی فراہمی کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گورننس کے پورے نظام میں تبدیلی لانے کی جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

مالیاتی نظم و ضبط، زراعت، صنعت اور تجارت کے لیے سہولیات سے ترقی کی شرح میں اضافہ ہوگا، ورلڈ بینک کے وفد سے ملاقات

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد کے ملاقات کی۔ ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ٹاہے بن حسن کی قیادت میں وفد آپریشن آفیسر محمن عامر، ڈیٹا سرٹیفیکیٹ بیشلسٹ احسن حسین پر مشتمل تھا۔ اس موقع پر عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق رائے کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے، ہوا کے معیار میں (نیتہ نمبر 4)

محرم کے جلوس پر خودکش حملے کی منصوبہ بندی کرنے والا دہشت گرد گرفتار

کے پی حکومت نے مذکورہ دہشت گرد کی زندہ یا مردہ گرفتاری پر 20 لاکھ روپے انعام مقرر کر رکھا تھا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں 8 محرم کے جلوس پر حملے کی منصوبہ بندی کرنے والا دہشت گرد پکڑا گیا، ذرائع کے مطابق کراچی میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی (نیتہ نمبر 46)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن لاہور کے سالانہ امتحانات میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے میاں کاشف کو ایک لاکھ روپے کا چیک دے رہے ہیں

کمرشل زرعی اور بلک صارفین کیلئے بجلی ٹیرف بڑھانے کی منظوری

کمرشل، زرعی اور بلک صارفین کے لیے بجلی ٹیرف بڑھانے کی منظوری، کمرشل صارفین کا فی یونٹ 77 روپے 15 پیسے

زرعی صارفین کا 4 روپے 3 پیسے، جنرل سرچارج کیلئے 6 روپے 0 پیسے، بلک صارفین کا یونٹ 9 روپے 6 پیسے تک بڑھ گیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ایک اور بجلی بم گرا دیا اور فاقی کابینہ نے کمرشل، زرعی اور بلک صارفین کے لیے بجلی کا ٹیرف بڑھانے کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے کمرشل صارفین کے لیے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 8.04 روپے اضافے کی منظوری دی ہے اور جولائی سے کمرشل صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 77 روپے 15 پیسے ہوگیا ہے۔ زرعی صارفین کے لیے بنیادی ٹیرف میں فی یونٹ 6 روپے 62 پیسے اضافہ منظور کیا گیا ہے جس کے بعد جولائی سے زرعی صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 46 روپے 83 پیسے ہوگیا ہے۔ جنرل (نیتہ نمبر 1)

چیف منسٹر یوتھ انٹیلیٹو ای بائیک پروگرام کے تحت قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے طلبا ای بائیکس پر بیٹھے ہیں

ایل پی جی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر مضبوط حفاظتی پروٹوکول کی فوری ضرورت ہے، چیئرمین اوگرا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اوگرا سرور خان نے کہا ہے کہ ایل پی جی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر مضبوط حفاظتی پروٹوکول کی فوری ضرورت ہے۔ قدرتی گیس کی قلت، نے کنکشن پر پابندی اور گیس کے نرخوں میں اضافے کی وجہ سے پاکستان میں ایل پی جی پر بڑھتی ہوئی انحصار کے پیش نظر آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) ایل پی جی کے محفوظ استعمال، ذخیرہ، مہنگے حادثات کے عنوان سے ایک قومی سیمینار کا انعقاد (نیتہ نمبر 7)

ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم

عدالت نے پشنر کو الیکشن کمیشن کو کاپیز فراہم کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے حلقے پی-46 میں سید دعا مدی کی بحالی کے کیس میں الیکشن ٹریبونل نے ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل میں این اے 46 پی-46 میں سید دعا مدی کی بحالی کے کیس میں الیکشن ٹریبونل نے ریٹرننگ افسر کو فارم 45، 46، 47 جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔ (نیتہ نمبر 8)

تمام سائنس دان اپنے اپنے شعبوں میں جدت پیدا کریں

نمایاں کامیابیوں پر زرعی سائنسدانوں کو اعزاز دینے کے لیے این اے آر سی میں ایوارڈز کی تقریب کا انعقاد

بقائی تحقیق کے لیے تمام سائنسدانوں کو زرعی تحقیق میں اپنی تمام تر توانائیاں کے ساتھ کام کرنا ہوگا، چیئرمین پی اے آر سی

چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر ظاہر محمد علی قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں مختلف تحقیقی شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے پر زرعی سائنسدانوں کے لیے منعقدہ ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر ظاہر محمد علی قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں مختلف تحقیقی شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے پر زرعی سائنسدانوں کے لیے منعقدہ ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان زرعی تحقیقی کونسل کی جانب سے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) اسلام آباد میں ایک ایوارڈ تقریب منعقد کی گئی جس میں ان ممتاز سائنسدانوں کو ان کی خدمات پر ایوارڈز دیے گیا جنہوں نے مختلف تحقیقی شعبوں جیسے کہ ایپلیڈ سائنسز پلانٹ جینیٹکس، پیسٹین ڈویلپمنٹ، فورسٹ ریگریشن مس پالی، فوڈ سیکیورٹی، زرعی تجارت اور دیگر متعلقہ شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ تقریب میں اڑتالیس (نیتہ نمبر 31)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کا پولیس خدمت مرکز H-11 کا دورہ

احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے پر پولیس آفیسر کو تعریفی سند اور 25 ہزار روپے نقد انعام سے نوازا

ہر پیر کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ٹی او نے خدمت مرکز میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا، انہوں نے زخمی حالت میں آئے ہوئے فریاد لے پولیس آفیسر کی خیریت دریافت کی اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے پر (نیتہ نمبر 32)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس لاہور کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود ہیں

توہین الیکشن کمیشن کیس میں فواد چیدھری کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن اور توہین چیف الیکشن کمشنر کیس میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سابق وفاقی وزیر فواد چیدھری کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور سابق وفاقی وزیر فواد چیدھری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی، ممبر الیکشن کمیشن نثار درانی توہین کی سربراہی (نیتہ نمبر 35)

جسٹس عالیہ نیلم نے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا حلف اٹھا لیا

گورنر پنجاب سلیم حیدر نے حلف لیا، وزیراعلیٰ مریم نواز کی بھی حلف برداری تقریب میں شرکت

مریم نواز شریف کی جسٹس عالیہ نیلم کا پہلی خاتون چیف جسٹس کا حلف لینے پر مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار

نئی چیف جسٹس عالیہ نیلم کا لاہور ہائیکورٹ پہنچنے پر پرتپاک استقبال، گارڈ آف آنر، پھول پیش کیے گئے

تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، جسٹس شجاعت علی خان، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، ججز و افسران کی شرکت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس عالیہ نیلم کے چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی پہلی خاتون چیف جسٹس عالیہ نیلم کی حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس لاہور میں ہوئی، تقریب میں گورنر پنجاب سردار سلیم (نیتہ نمبر 6)

لاہور: صدر مملکت آصف علی زرداری سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کر رہے ہیں

پشاور ایئرپورٹ پر غیر ملکی طیارے میں دوران لینڈنگ آتشزدگی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر غیر ملکی طیارے میں آگ لگ گئی۔ ایوی ایشن ذرائع نے بتایا کہ دریائے سے آنے والے غیر ملکی طیارے میں آگ لینڈنگ کے دوران لگی۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق غیر ملکی طیارے میں لگنے والی (نیتہ نمبر 37)

کرپشن ریفرنس، پرویز الٰہی کی حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (این این آئی) ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب و رہنما تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی گئی۔ لاہور کی احتساب عدالت میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سمیت دیگر ملزمان کے خلاف ترقیاتی منصوبوں (نیتہ نمبر 38)

ملک کو اسوقت غیر ذمہ دارانہ صحافت کا متحمل نہیں ہوسکتا

آصف زرداری نے حکومت بنانے اور گرانے کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی

میڈیا کو کوئی بھی خبر جاری کرتے وقت حقائق کو مدنظر رکھنا چاہیے، شہزاد سعید چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے کہا ہے کہ بلاول ہاؤس لاہور کے اجلاس میں حکومت کے حوالے (نیتہ نمبر 39)

کیس چوری میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 43 گیس کنکشن منقطع، اور 7 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

ہم نے بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 04 گیس کنکشن منقطع جبکہ کیپر میرکے استعمال پر 03 گیس کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس چوری کے کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 43 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے۔ جبکہ 7 لاکھ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس کے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 گیس کنکشن منقطع کیے اور 1 لاکھ 80 کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ایم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 جبکہ کیپر میر کے استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع کیے۔ گوجرانوالہ ریجنل ایم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 02 گیس کنکشن منقطع کیے اور 14 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے۔ ایم نے بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال (نیتہ نمبر 40)

پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد

آبادی کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پنجاب سلمان اعجاز، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، پروگرام ایفیلیسٹ یو این ایف پی اے یوشیے کی شرکت

میڈیا سے تعلق رکھنے والے نامور صحافی و دانشور حضرات و دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد میں شرکت

صوبہ کی آبادی کے کنٹرول میں لازوال اور تاریخ ساز سوکھتی کاوشیں شامل ہیں۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پنجاب سلمان اعجاز

محکمہ بہبود آبادی پنجاب، حالیہ برسوں کے دوران آبادی کنٹرول میں نمایاں کامیابیوں کی طرف گامزن ہے

آبادی کے عالمی دن کا بنیادی مقصد تولید سے متعلق مسائل کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے

یہ دن نوجوان نسل کو جنسی تعلیم اور بہت سی چیزوں سے آگاہ کر کے انہیں باخبر بناتا ہے

زیادہ آبادی قدرتی وسائل کی کمی، ماحولیاتی آلودگی اور انحطاط اور گرد و نواح کے نقصان جیسے کئی مسائل کا باعث بنی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمن رائے

لوگوں میں کنٹرا سیپٹیو ادویات کے استعمال، خدمات تک رسائی میں اضافہ محکمہ پاپولیشن کی پہچان بن چکی ہے

تعلیم اور معاشی مواقع کے ذریعے خواتین اور لڑکیوں کو بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاپولیشن ویلفیئر پنجاب کے زیر اہتمام آج منگل ہوئی میں دنیا بھر میں منائے جا رہے آبادی کے عالمی دن کے موقع پر اہم سیمینار کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پنجاب سلمان اعجاز، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے، پروگرام ایفیلیسٹ یو این ایف پی اے حسنہ جبیہ، کنٹری ہیڈ یو این ایف پی اے یوشیے (Leo Shabay)، میڈیا (نیتہ نمبر 49)

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام بہبود آبادی کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سلمان اعجاز اور ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمن رائے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور: لڑکیاں مال روڈ پر واقع آرٹ گیلری میں نمائش دیکھ رہی ہیں

1330 کلو ایکسپائر کریم اینڈ چاکلیٹ پاؤڈر اور فلیور تلف

معروف برانڈ کے پونٹ سے ایکسپائر خام مال برآمد ہونا انتہائی افسوس ناک ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے 1330 کلو ایکسپائر کریم اینڈ چاکلیٹ پاؤڈر، 520 کلو ایکسپائر فلیور تلف کر دیے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ایک پرندیدہ آئسکریم میں ایکسپائر اشیا استعمال کرنے والے معروف (نیتہ نمبر 3)

نوجوان وکلاء کی رضامندی کے لیے بار کونسلوں کو کردار ادا کرنا ہوگا، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ میاں نثار دونوں وہ چیئرمین چلاتے تھے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی (نیتہ نمبر 4)

سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے چیمبر کا حصہ رہا ہوں، چیف جسٹس عامر فاروق

دو بائر گھے بھائیوں سمیت 9 افراد نے تھانہ کے قریب اپنی عدالت لگا لی

نوجوان کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں، ویڈیو وائرل

سرگودھا (این این آئی) دو بائر گھے بھائیوں سمیت 9 افراد نے تھانہ کے قریب اپنی عدالت لگا کر نوجوان کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں اور اس کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کر دی۔ جس پر پولیس نے اپنی مدعیت میں بائر (نیتہ نمبر 5)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشتگردوں کی فائرنگ سے کیپٹن شہید

پاک افواج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ سکیورٹی فورسز کے دستوں نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے شدید تبادلے میں کیپٹن محمد اسامہ بن ارشد نے بہادری سے لڑتے ہوئے اپنی جان کی لازوال قربانی دی اور شہادت کو گلے لگا لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مطابق علاقے میں کسی بھی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سینی ٹائزیشن اپریشن کیا جا رہا ہے۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر جوانوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان میں ہونیوالی دہشت گردی کے تانے بانے ہمارے ازلی دشمن بھارت اور اسکے مربی افغانستان سے ہی ملتے ہیں۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت کئے جانے والے اپریشن کے باوجود پاکستان میں موجود ان دونوں ملکوں کے تربیت یافتہ دہشت گرد اور سہولت کار دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے میں کامیاب ہو رہے ہیں جبکہ عساکر پاکستان طویل عرصے سے پوری جانفشانی سے دہشت گردوں کیخلاف برسرپیکار ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم بھی ہیں۔ دہشت گردی سے باز رکھنے اور افغانستان کو مسکت جواب دینے کیلئے چند ماہ قبل افغانستان میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا جا چکا ہے مگر افغانستان اس سے سبق سیکھے بغیر اب بھی اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے دے رہا ہے اور دہشت گردی کیلئے پاکستان میں موجود اپنے ایجنٹوں اور سہولت کاروں کی بھرپور معاونت بھی کر رہا ہے۔ دہشت گردی کی ان وارداتوں سے یہی عندیہ ملتا ہے کہ ہمارے سکیورٹی سسٹم میں کہیں نہ کہیں سقم ضرور موجود ہے جس سے فائدہ اٹھا کر دہشت گرد اپنے اہداف تک پہنچنے میں آسانی سے کامیاب ہو رہے ہیں۔ پاکستان کی سلامتی کیخلاف بھارت اور افغانستان کا اپنا مخصوص ایجنڈا ہے مگر ہمیں ملکی دفاع اور سلامتی کے تمام تقاضے بغیر کسی ردّ و کدّ کے پورے کرنا ہونگے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ ردالفساد، ضرب عضب اور کومنگ اپریشن کی طرح اپریشن عزم استحکام کو بھی موثر بنایا جائے تاکہ ملک میں موجود دہشت گردوں کی باقیات اور انکے سہولت کاروں کا مکمل صفایا کیا جا سکے۔

واقعۂ کربلا کی ہمہ گیری



تحریر: عابد نور بھٹی

یوں تو عالمِ آب وگِل کا ہر واقعہ اپنے محلِ وقوع کے اعتبار سے کسی خاص جگہ، کسی خاص مقام اور کسی خاص طبقہ سے متعلق ہوتا ہے اور اس لحاظ سے واقعہ کربلا بھی عراق کی سرزمین، عرب کے ملک، ہاشم کی نسل اور مسلمانوں کی جماعت سے تعلق رکھتا تھا مگر واقعات میں ہمہ گیری اور وسعت پیدا ہو جاتی ہے ان خصوصیات اور نتائج کے لحاظ سے جو کُل نوعِ انسانی سے وابستہ ہوں اور جن میں مذہب و ملت کی کوئی تفریق نہ ہو۔ اس حیثیت سے دیکھا جائے تو واقعۂ کربلا تعدد وجوہ سے تمام نوعِ انسانی کے تعلق کا مرکز ہے۔ ظالم سے نفرت اور مظلوم سے ہمدردی فطرت بشری میں شامل ہے۔ اگر کوئی قصہ ہمارے سامنے پیش ہو جس میں ایک طرف ظلم کا مظاہرہ ہو اور دوسری طرف مظلومیت، تو چاہے اس واقعہ سے متعلق شخصیتوں سے ہم واقف نہ بھی ہوں تب بھی ظالم سے نفرت اور مظلوم کے ساتھ ہمدردی پیدا ہو جائے گی اور اس میں کسی مذہب اور خیال کا امتیاز نہ ہوگا۔ جو مظالم کربلا میں حضرت امام حسینؓ پر واقع ہوئے ان کی مثال تاریخِ عالم میں ناپید ہے۔ یوں تو اکثر انبیاء اور مقربین ابنائے زمانہ کے ہاتھوں مظالم کا شکار ہوئے، بہت سے بے گناہ افراد قتل کئے گئے، بہتوں کا مال و اسباب لوٹا گیا اور بہت سے لوگ قید ہوئے مگر بحیثیت مجموعی وہ تمام مصائب جن کا سامنا فرداً فرداً انبیاء اور بہت سے اشخاص کو کرنا پڑا، حضرت امام حسینؓ کی ذات میں اکٹھا ہو گئے اور ان کے بوقتِ واحد جمع ہو جانے سے آپؓ کی ذات مظلومیت میں اپنی مثال آپ قرار پا گئی۔ لہٰذا جس قدر امام حسینؓ کی مظلومیت کا درجہ بلند اور ظالم کے ظلم کا درجہ شدید ہے اسی قدر وہ ہمدردی بھی جو کہ امام حسینؓ کے ساتھ بحیثیت مظلوم ہونا چاہئے، ہر دوسرے مظلوم سے زیادہ ہے اور وہ نفرت بھی جو کہ آپ کے دشمنوں سے بحیثیت ظالم ہونا چاہئے، تمام دنیا کے ستمگاروں کی بہ نسبت زیادہ ہے۔

یہ بات ذہن نشین کرنا ضروری ہے کہ حضرت امام حسینؓ کی مظلومیت بے بسی کی مظلومیت نہ تھی۔ آپؓ نے ایک مسلکِ حق کی حمایت اور ایک اصول کی حفاظت کیلئے تمام مصائب برداشت کئے۔ اسی کا نام قربانی ہے۔ یوں تو قربانی کی بہت سی اقسام ہو سکتی ہیں مگر ان میں سب سے بلند اور عظیم جان کی قربانی ہے اور اگر فرض کے عائد ہو جانے پر کوئی اس منزل پر ثابت قدم نظر آئے تو وہ تمام افرادِ انسانی کے نزدیک زیادہ عزت و احترام کا مستحق قرار پائے گا۔ گویا مقصد جس قدر عزت دار اور شریف ہوگا، قربانی اتنی ہی اہم اور قابل عزت سمجھی جائے گی۔ کربلا کی سرزمین پر حضرت امام حسینؓ ابن علیؓ نے جو قربانی پیش کی وہ انسانی تاریخ کا ایک بے مثال کارنامہ ہے۔ یہ وہ وقت تھا جب حق پرستی اور حق پروری کی بنیادیں متزلزل ہو رہی تھیں اور غلبہ و اقتدار انسانی آزادی کا سر کچل کر اپنی غلامی کا اقرار لے رہا تھا۔ اس نازک موقع پر حضرت امام حسینؓ نے اپنے آپ کو اور اپنے عزیزوں حتیٰ کہ بچوں تک کو میدان جہاد میں لا کر جبر و استبداد کا پردہ چاک کر دیا اور ثبات و استقلال، صبر و ضبط، ایثار و قربانی، حق پروری اور راست بازی و راست کرداری کا انتہائی بلند نمونہ پیش کیا۔ اس لحاظ سے حضرت امام حسینؓ کسی قوم اور مذہب سے مخصوص نہیں سمجھے جا سکتے۔ امام حسینؓ کا تعلق تمام دنیائے انسانیت سے ہے۔ آپؓ نے وہ کام کیا جس نے انسانیت کے مٹتے ہوئے نقوش کو پھر سے ابھار دیا اور دم توڑتی انسانیت کو وہ پیغام دیا جو زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔ آپؓ نے دنیا کو بتایا کہ سچائی اور اور راست بازی کی صحیح قدر و قیمت کیا ہے اور اس موت کے معنی سمجھائے جس میں دوامی زندگی کی حقیقت مضمر ہے۔ اس لئے قربانی کی عزت کرنے والی دنیا کی تمام اقوام حضرت امام حسینؓ کو انتہائی قدر و منزلت سے دیکھنے پر مجبور ہیں۔

حضرت امام حسینؓ کا اپنی جان کی قربانی دینے کا مقصد ایسا کوئی امر نہ تھا جو مختلف مذاہب کے نقطۂ نظر سے محلِ اختلاف ہو۔ یقیناً اگر حضرت امام حسینؓ کا مقابلہ کسی دوسرے دین و ملت کے افراد سے ہوا ہوتا یعنی کوئی غیر مسلم جماعت آپ کے سامنے ہوتی تو چاہے آپ کی قربانی کتنی ہی حقانیت پر مبنی ہوتی اور آپ کو کتنے ہی ظلم کے ساتھ شہید کیا گیا ہوتا مگر وہ مذہبی جماعت، جس کے مقابلے پر آپؓ ہوتے، کسی حد تک آپؓ کے نام اور آپؓ کے کام سے بنائے مخاصمت ضرور محسوس کرتی اور واقعۂ کربلا کے ساتھ ہمدردی میں عمومیت پیدا نہ ہوتی۔ لیکن حضرت امام حسینؓ کی قربانی رسمی طور پر کسی ایک مذہب کو مٹانے اور دوسرے مذہب کو قائم کرنے کیلئے نہیں تھی بلکہ ایک ہی دین کے ظاہری ماننے والوں میں برائیوں کو مٹانے اور اچھائیوں کے قائم کرنے کیلئے تھی۔ آپؓ کا قیام امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ربانی حکم کی تعمیل تھی جسے قرآن مجید میں آیت کی صورت میں ہر مومن کو پابند کر دیا گیا ہے۔ چونکہ برائی اور اچھائی کے متعلق اصولی حیثیت کے بارے میں کسی مذہب میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا، یعنی برائیاں مٹانے کے قابل اور اچھائیاں قائم کرنے کی مستحق ہیں، اس لئے ہر مذہب کے لوگوں کو حسینؓ کے مقصد سے اتفاق ہوگا اور وہ آپؓ کی قربانی سے عزت و احترام کا مستحق سمجھیں گے۔

حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں نے واقعہ کربلا کے دوران مختلف اخلاق و اوصاف کاملہ کی جو مثالیں پیش کیں وہ عامۂ خلائق کیلئے ایک دائمی درس کی حیثیت رکھتی ہیں۔ یہ انہی تمام وجوہ کا نتیجہ ہے کہ دنیا نے واقعہ کربلا کے ساتھ اپنے باہمی تفرقہ اور جذبات کی کشمکش کے باوجود یگانگی کا برتاؤ کیا اور اقوام عالم نے یکساں طور پر اس کی اہمیت کا اعتراف و اقرار کیا۔ واقعۂ کربلا کو دوام کا درجہ حاصل ہے اور صدیاں گذرنے کے باوجود اقوام عالم کی وابستگی اور دلچسپی اس سانحہ سے نہ صرف قائم رہی ہے بلکہ مختلف اوقات میں اس میں اضافہ ہوتا رہا۔ اگر کوئی سیاح محرم کے ایام میں شرق و غربِ عالم کی سیاحت کرے تو وہ دیکھ سکتا ہے کہ ہر جگہ اپنے اپنے معیارِ زندگی اور طرزِ معاشرت کے اعتبار سے کسی نہ کسی طرح کربلا کے شہیدوں کو یاد کیا جاتا ہے۔ حالانکہ انسان فطرتاً خوشی کو پسند کرتا ہے اور رنج و غم سے دور بھاگتا ہے۔ اس لئے اگر حوادثِ زمانہ کے ماتحت غم کے اسباب پیدا ہو بھی جائیں تو ان کو بھلانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقوامِ عالم کے جتنے بھی تہوار ہیں وہ سب خوشی کی یادگار ہیں۔ غم کی یادگاریں کبھی قائم نہیں کی گئیں۔ یہ صرف امام حسینؓ مظلوم کی شہادت ہے جس کی یادگار غم کی صورت میں صدہا سال سے برابر قائم ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ فطرت انسانی کسی بار کو عرصہ تک برداشت نہیں کر سکتی لیکن مظلوم کربلا کے غم کی یادگار کا اس طرح برقرار رہنا اس امر کی دلیل ہے کہ کہ واقعہ کربلا کی یاد میں انسانی زندگی کیلئے منفعت بخش عناصر مضمر ہیں جس کا ذکر احادیث میں بھی ملتا ہے۔ پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ حال کا نقش ہمیشہ نقشِ ماضی کو فراموش کرا دیتا ہے یا اس کے اثر کو زائل یا مدھم کر دیتا ہے لیکن اس کے برخلاف واقعہ کربلا کی یادگار کا اس شدت کے ساتھ قائم رہنا کہ حال کا کوئی واقعہ اس پر اثر انداز نہ ہو سکے، یہ ماننے پر مجبور کر دیتا ہے کہ تاریخ عالم اس کے بعد سے اب تک اس کی کوئی نظیر پیش نہیں کر سکی۔ باوجودیکہ واقعہ کربلا کے بعد کتنے ہی انقلابات ہوئے، تمدن نے کتنی ہی کروٹیں بدلیں، معیارِ اخلاق میں کتنے ہی تغیرات ہوئے مگر حسینیؓ قربانی کی یاد تقریباً چودہ سو برسوں سے یکساں عزت و احترام کے ساتھ قائم ہے۔ ماننا پڑے گا کہ میدان کربلا میں عظیم قربانی ایسے مشترک انسانی اصول کی حفاظت کیلئے دی گئی کہ جب تک دنیا میں انسانیت قائم ہے، اس اصول کی بھی قدر و منزلت اور اس یادگار قربانی کی یاد بھی برقرار رہے گی۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ موضوع جتنا اہم ہوگا اور تاریخی حیثیت سے کسی واقعہ میں جس قدر ندرت اور اس کی اہمیت زیادہ ہوگی، اسی قدر اہل فکر و قلم طبع آزمائی کریں گے۔ یہ اسی اصول کا نتیجہ ہے کہ دنیا کی تاریخ میں کربلا کے واقعہ سے بڑھ کر کسی واقعہ سے متعلق نظم و نثر کا ذخیرہ فراہم نہیں ہوا۔ کربلا کی زمین پر ابھی خونِ شہیداں کی تری خشک نہ ہونے پائی تھی کہ شاعروں کی زبان سے اس واقعہ کے متعلق اشعار تراوش کرنے لگے۔ کربلا سے شام اور شام سے مدینہ تک کے سفر کے دوران اسیران کربلا بالخصوص حضرت زینبؓ بنت علیؓ کے دربارِ یزید اور ایامِ اسیری کے دوران معرکۃ الآراء خطبوں نے عامۃ الناس کو واقعہ کربلا کی اہمیت اور حقیقت سے روشناس کیا۔ حضرت زینبؓ بنت علیؓ نے جس انداز میں کربلا میں خانوادۂ رسول پر ہونے والے مظالم کو عوام میں طشت ازم بام کیا اور مصائب کی حقیقت عوام کے سامنے رکھی اس سے کربلا جیسے لق و دق صحرا ہونے والی اصل واردات اور اس کے مضمرات عوام تک پہنچے۔ بعد میں حضرت سلیمان بن صرد خزاعی اور امر مختار ثقفی کے خطبوں اور شہدائے کربلا کے خون کے انتقام کیلئے اٹھائے گئے عملی اقدامات نے سانحہ کربلا کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ مستقل طور پر واقعہ کربلا پر تصانیف کی ابتداء پہلی صدی ہجری کے اواخر میں ہی ہو گئی تھی اور اس کے بعد مورخین واقعہ کربلا کے دوران کے مصائب اور مظالم پر کتب مقاتل لکھتے رہے اور تصانیف کا سلسلہ جاری ہو گیا جو اب تک جاری ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ دنیا کے کسی دوسرے موضوع پر اتنا نہیں لکھا اور کہا گیا جتنا واقعہ کربلا کے متعلق لکھا اور کہا گیا اور لکھا اور کہا جا رہا ہے پھر بھی یہ موضوع تشنہ ہے اور بہت کچھ سمجھنے اور سمجھانے کی ضرورت ہے۔

ہاتھوں سے بنی سوئیاں

تحریر: بسم اللہ ارم

میٹھی عید یعنی عید الفطر اور میٹھی سوئیاں لازم و ملزوم ہیں پاکستان میں ماضی میں عید کے روز نہانے اور نماز عید کی تیاری کرنے کے بعد شکر والی سوئیاں دیسی گھی مکھن ڈال کر کھانے کو ملتی تھیں بلکہ عید کے دن ناشتہ سویوں سے کیا جاتا تھا اور بازار کی پیکٹ والی سویوں کا بالکل تصور نہیں تھا بلکہ گھر پر بنی سویوں کو فوقیت دی جاتی تھی جواب شاذ و نادر ہی ملتی ہیں مگر آٹے کی سوئیاں زمانہ قدیم سے بنتی آ رہی ہیں اب اس کا استعمال اور رواج تقریباً ختم ہو کر رہ گیا ہے ابھی چند سال قبل اپ سوچیں تو دیہاتوں میں خواتین اور مرد مل کر ہاتھ والی مشین کے ذریعے سوئیاں تیار کرتے تھے اور میٹھی عید پر شوق سے کھائی جاتی تھیں ان کو بنانے کا ایک خاص طریقہ تھا دیسی سوئیاں تیار کرنے کے لیے معدہ اٹا ملا کر دیسی طریقے سے سویاں بنائی جاتی تھی ان سویوں کو بنانے کے لیے جو مشین استعمال ہوتے تھی اسے پنجابی میں گھوڑی کہتے ہیں گھوڑی کے ساتھ جڑے پھٹے کو چارپائی کے بان میں مضبوطی سے باندھ دیا جاتا تھا سویوں کو بنانے کے لیے تین سے چار افراد کی ضرورت ہوتی تھی کیونکہ گھوڑی کے ساتھ ہتھی کو ہلانا مشین مین اٹا ڈالنا سب سے پہلے گھوڑی کے منہ میں اٹا ٹھونس کر ہتھی ہینڈل گھمائیں تو سویوں کے لچھے گھوڑی کی چھانی سے برامد ہونے لگتے سویوں کو نکال کر خشک کرنے کے لیے چارپائی یا تار پر لٹکا دی جاتی تھی ہاتھ سوئیاں بنانے کے لیے ونگار کی رسم ہوتی تھی اور لوگ ایک دوسرے کا ساتھ دیتے تھے اور سب اپنے اپنے گھروں سے اٹا لے کر اتے تھے اور اپنی باری کا انتظار کرتے کئی مشورے بھی دیتے کہ اگر اٹا سخت ہوگا تو سوئیاں مزے کی بنیں گی اگر اس میں تھوڑا دیسی گھی ملا دیا جائے یا اس میں میدہ ڈال دیا جائے یعنی طرح طرح کے مشورے بھی ساتھ ساتھ چلتے تھے اور اس وقت ایک دوسرے کے مشوروں پر عمل بھی کیا جاتا تھا بعض اوقات جب ایک گھر میں سوئیاں تیار کر لی جاتی تو دوسرے گھر میں وہ گھوڑی ادھار لے کر جائی اور پھر وہ سوئیاں بنانے والی گھوڑی گاؤں کے ہر گھر میں گھومتی پھرتی شرط یہ ہوتی کہ جو بھی گھوڑی کو لے کر جائے گا وہ اس کو صاف کر کے تیل کے ساتھ چکا کر اسی طرح سے واپس کرے گا گھوڑی کا کوہی کرایہ نہیں لیا جاتا تھا البتہ تحفہ کے طور پر سوئیاں مل جاتیں تھیں رمضان المبارک کے اخری ایام میں تو گھوڑی جدھر جاتی ادھر اسی گھر میں میلے کا سامان لگتا اور خواتین اور مرد مل کر سوئیاں بناتے عام طور پر ایسا ہوتا تھا لوگوں کو ایک دوسرے کے کاموں کے حوالے سے علم ہوتا تھا وہ ایک دوسرے سے باخبر رہتے تھے یہ ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے لیے فوری پہنچ جاتے گاؤں میں جب بچے نانکے یا دادکے جاتے تو نانی دادی کی پوری کوشش ہوتی کہ گھر سے رخصت کرتے وقت وہ ہاتھ کی گھوڑی والی سوئیاں بطور توفا بنا کر دے تو اس دور میں پیسوں پر نہیں بلکہ بچوں کی خوراک پر فوکس کیا جاتا اس دور میں ماڈرن مشین میں پیکٹ کی سوئیاں عام نہیں تھی اس وجہ سے ہمارے بچپن میں تو یہ ایک مشقت طلب کام تھا اور ہم شوقیہ کرتے اس کے علاوہ تحفے کے طور پر یہ سوئیاں دے کر محبت پروان چڑھتی تھیں خاص طور پہ اگر کوئی بیٹی میکے اتی تو اسے سوئیاں بنا کر دی جاتی اور وہ سسرال میں جا کر ان سویوں کو جب بھون کر ابال کر شکر ڈال کر اور دیسی گھی ڈال کر سسرالیوں کو پیش کرتی جس سے نا صرف اس کے سگھڑ پن کو داد دی جاتی بلکہ اس کے میکے کی محبت کی بھی مثال دی جاتی لیکن جب لوگوں کا میل جول کم ہو گیا اور گھوڑی والی مشینیں بھی نایاب ہو گئی تو گھر میں موجود بزرگ خواتین نے معیدے سے ہاتھ کے جوے بنانے شروع کیے ان کو بنانے کے لیے بزرگ خواتین ململ کے کپڑے میں معیدہ اور اٹے کو گوندھ کر پاس رکھ کر خود دکھ سکھ بھی بانٹتیں اور چھوٹی چھوٹی سوئیاں ہاتھوں سے بناتی اور جب ان جوں کو دیسی گھی میں بھون کر پکایا جاتا اور کھایا جاتا تو ہاتھ کی سوئیوں جیسا ہی مزہ دوبالا ہو جاتا کچھ سال قبل تک گاؤں میں گھر میں اچانک مہمان اجاتا تو ہاتھ سے بنی گھر پر موجود سویوں کو جھٹ پٹ ابال کر دیسی گھی اور شکر ڈال کر پیش کی جاتیں اب مشینی دور اگیا ہے اور لوگ ہر وقت جھٹ پٹ کام کرنے کے خواہش مند ہیں ایسی مشقت طلب کاموں اور خوراکوں میں کی طرف رجحان کم ہو کر رہ گیا ہے مگر اج بھی جن گھروں مین بزرگ موجود ہیں وہ ہاتھ کی سوئیوں کی نہ صرف فرمائش کرتے ہیں بلکہ بنواتے بھی ہیں

شوبز SHOWBIZ

میری بہو کیلئے ساس میں نہیں بلکہ قیصر ہیں، فضیلہ قاضی

ہمارے گھر یہ قانون طے ہے کہ گھر کے معاملات میں دیکھوں گی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے اپنے شوہر اداکار قیصر نظامانی سے متعلق کہا ہے کہ وہ ان کی بہو کی ساس کا کردار ادا کرتے ہیں۔ فضیلہ قاضی اور قیصر نظامانی کو شوبز انڈسٹری کی مقبول ترین جوڑی مانا جاتا ہے، دونوں نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شرکت کی جس میں انہوں نے ازدواجی زندگی کی کامیابی و ناکامی پر گفتگو کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہمارے گھر یہ قانون طے ہے کہ گھر کے معاملات میں دیکھوں گی اس میں قیصر دخل اندازی نہیں کریں گے۔

زرین خان بیوٹی ریلز بنانے والوں پر برس پڑیں

سلمان خان کے ساتھ "وِیر" میں اداکاری کرنا کسی خواب سے کم نہیں تھا



مایا علی کی ویسٹرن لک میں شوخ و چنچل ادائیں مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں

کلائی میں گھڑی اور گہرے میک اپ میں نازک ادائیں اداکارہ کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہیں

پربھاس کا راج برقرار، "کالکی 2898" کا دس دن میں 800 کروڑ کا بزنس

اوم شانتی اوم کے گانے کی شوٹنگ کے دوران شاہ رخ نے مہنگا تحفہ دیا: تبو

بہت سے لوگ مجھے اور شاہ رخ خان کو ایک ساتھ کام کرتا دیکھنا چاہتے ہیں: اداکارہ

سونو نگم کی آشا بھوسلے کے پاؤں دھونے کی ویڈیو زیرِ گردش

سونو نگم نے عزت و احترام میں آشا بھوسلے کے پاؤں دھوئے، مداحوں کا تعریف کرنیوالوں کا جواب

ثناء جاوید اور شعیب ملک کے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چرچے

سوشل میڈیا پر اس جوڑی کی متعدد تصویریں وائرل ہیں

سپورٹس SPORTS

زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا آغاز 21 ستمبر سے ہوگا

کھلاڑیوں کے ڈرافٹ اور میچوں کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا

ہرارے (این این آئی) زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا اعلان کر دیا گیا ہے جو 21 سے 29 ستمبر تک ہرارے میں کھیلا جائیگا، کھلاڑیوں کے ڈرافٹ اور میچوں کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔ افریقہ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ٹی 10 ٹورنامنٹ ہے جس کے افتتاحی ایڈیشن کے تمام میچ ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے تھے۔ زیم افرو ٹی 10 کے پہلے سیزن نے تاریخ رقم کی تھی کیونکہ یہ ہرارے اسپورٹس کلب میں فلڈ لائٹس میں کھیلا جانے والا پہلا ٹورنامنٹ تھا، دوسرے ایڈیشن سے قبل گفتگو کرتے ہوئے زمبابوے کرکٹ کے چیئرمین تاوینگوا مکوہلانی نے کہا کہ ہمیں زیم افرو ٹی 10 ٹورنامنٹ سیزن 2 کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے، ٹی 10 گلوبل اسپورٹس کے بانی اور چیئرمین نواب شجیع الملک نے کہا کہ ہم زمبابوے میں کرکٹ کے دوسرے ایڈیشن کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں، یہ ایڈیشن بھی پہلے کی طرح ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

چیمپئنز ٹرافی کے میچ کیلئے بھارتی ٹیم کا لاہور آنے سے انکار

پاکستان افغانستان میں بلائنڈ کرکٹ کے فروغ میں مدد کرے گا

پاکستان کے کوچز افغانستان میں 35 کھلاڑیوں اور تین کوچز کو تربیت دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بلائنڈ کرکٹ کونسل افغانستان میں بلائنڈ کرکٹ ... شپ دے دی ہے۔ گزشتہ روز آن لائن ہونے والے ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی ...

دورہ سری لنکا میں روہت شرما اور ویرات کوہلی کو آرام دینے کا فیصلہ

روہت شرما اور ویرات کوہلی سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز نہیں کھیلیں گے

ویرات کوہلی کے شراب خانے کیخلاف مقدمہ درج

تحقیقات جاری ہیں، مزید کارروائی اس کے مطابق کی جائے گی

اظہر محمود نے پی سی بی کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا

میں نے ٹی 20 ورلڈ کپ کی پرفارمنس سے متعلق کوئی رپورٹ نہیں بنائی

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 اور 13 جولائی 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس ڈویلپمنٹ ورکس اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کیلئے آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 جولائی 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ریج روڈ، ای بلاک فیڈرز، صبح 05:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک، اٹک سرکل، چھب، محفوظ شہید، مسلم ٹاؤن فیڈرز، مورخہ 13 جولائی 2024، صبح 06:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، لکھو، سکستھ روڈ، گلزار قائد، کھنہ روڈ، گنگال، رتہ، نون، باغ سرداراں، عیدگاہ، ڈھوک نجو، علی مارکیٹ، خیابان سر سید، راجہ سلطان فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، این پی ایف۔ II، مورگاہ، فوجی فونڈیشن، محبوب شہید، دھمیال، یو سی لکھن، گلشن سعید فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، چکوال سرکل، ڈھوڈا فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

دن پر احساس ہوتا ہے کہ آبادی پر قابو پانا کے اور پھر یہ جذبہ کہیں کھو جاتا ہے۔ بڑھتی آبادی کے سنگین چیلنج کو سمجھتے ہوتے ہوئے منظم آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ آبادی کا انتظام صرف حکومت ہی کی نہیں بلکہ معاشرتی زمہ داری ہے۔ پائیدار ترقی کی شرح موثر آبادی کنٹرول سے منسلک ہے۔ ضلعی آفیسر بہبود آبادی ملک آفتاب اعوان نے بتایا کہ پاپولیشن کنٹرول میں جدت لائی جا رہی ہے۔ پنجاب میں مانع حمل کی ادویات سمیت تولیدی صحت کی تمام سہولیات بالکل مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ علماء کرام کے زریعے معاشرے میں آگاہی دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ بہبود آبادی کے فیلڈ سٹاف، این جی اوز نمائندگان اور دیگر میں انعامات بھی حاصل کیے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان کی قیادت میں آرٹس کونسل کمپلیکس سے آبادی کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی ریلی بھی نکالی گئی۔

بقیہ 2

پرویز چوہدری، شازیہ رضوان، تاشفین صفدر اور نیلم جبار چوہدری شامل ہوں گی۔ سیکرٹری داخلہ، آئی جی پنجاب پولیس، سیکرٹری سوشل ویلفیئر، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ اور سیکرٹری پولیس پراسیکوشن ڈیپارٹمنٹ بھی اتھارٹی کے ممبر ہوں گے۔

بقیہ 3

ٹکر ماری۔ پولیس میجر انتونیو پلاٹا نے بتایا کہ پک اپ ٹرک میں سوار صرف 3 افراد زندہ بچے ہیں۔

بقیہ 4

جبکہ گھر میں آئی خاتون نایاب بی بی کو بھی شدید مضروب کر دیا تھا جن کو ریسکیو کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال سرگودھا لایا گیا جہاں نقیب اللہ جاں بحق ہو گیا اور شدید زخمی خاتون نایاب بی بی لاہور ریفر کر دیا گیا جبکہ تھانہ شاہ پور صدر پولیس نے مقتول نقیب اللہ کے بھائی امان اللہ کی رپورٹ پر ملزم سخی محمد کے خلاف مقدمہ قتل درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا اور عدالت کے حکم پر جیل بھیج دیا تھا گزشتہ روز فاضل عدالت کے جج نے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے قاتل ملزم سخی محمد کو سزائے موت اور 10 لاکھ روپے معاوضہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ جس پر سزا پانے والے ملزم کو سزا بھگتنے کے لیے واپس ڈسٹرکٹ جیل منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 5

کے مقدمہ درج کروانے کے بعد ملزم نے گرفتاری کے ڈر سے اغوا کا بہانہ کیا اور روپوش ہو گیا۔ تفتیش پر انکشاف ہوا کہ ملزم پہلے بھی 7 جھوٹے مقدمات درج کروا چکا ہے۔ ملزم کو آرگنائزڈ کرائم یونٹ نے ...

ہوئے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ امیروں کی حکومت ہونی چاہیے اور غریب عوام کو ٹیکس دینا چاہیے۔ یہ نظام نہیں چلے گا۔ ایسے ظالمانہ نظام کے خلاف امیر جماعت اسلامی کی آواز میں شامل ہوں تا کہ ظلم کے اس نظام کا خاتمہ ہو سکے

بقیہ 10

چوری کر کے لے گئے وارڈ نمبر 4 سے عبدالوہاب نامی شخص کا موٹر سائیکل گھر کے باہر سے اور محمد ایوب کا موٹر سائیکل کلب کیفے کے باہر سے نامعلوم چور لے اڑے جبکہ نامعلوم کار سواروں نے عبدالرحمن نامی شخص سے دو لاکھ اٹھ ہزار روپے اور ایک موبائل فون چھین لیا وارڈ نمبر 7 رات کی تاریکی میں نامعلوم چور گروہ طارق محمود نامی شخص کے گھر سے سونے کے زیورات مالیت لاکھوں روپے اور دیگر قیمتی اشیاء چوری کر کے فرار ہو گے پولیس تھانہ گوجر خان نے تمام وارداتوں کے مقدمات درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا چوری ڈکیتی اور وہیکل لفٹنگ کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی وجہ سے شہری خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے عوامی سماجی حلقوں نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او/سی پی او راولپنڈی سے اس تمام تر صورتحال پر سختی سے نوٹس لینے اور چور گروہوں کی فوری گرفتاری اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 11

مزدوروں کو لینے کے لئے مائن کے اندر گیا تو ہالیج آپریٹر پانی کی زیادتی کے باعث خود بھی وہاں ڈوب گیا۔ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی مائنز انسپکٹر چوہدری محمد اشرف موقع پر پہنچ گئے اور اپنی نگرانی میں مزدوروں کی ڈیڈ باڈیز نکالنے کے لئے ریسکیو آپریشن شروع کرایا۔ مائن کے اندر پھنسنے والے مزدوروں میں ابراہیم حسین ولد منور حسین سکنہ چندو، سفیر ولد گلزار سکنہ ڈیرہ راجگان، عدنان ولد محمد اشرف سکنہ ڈیرہ راجگان اور انوار ولد منیر سکنہ ڈیرہ راجگان شامل ہیں۔

بقیہ 12

ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ عائشہ جہانزیب کے شوہر ملزم حارث علی کو گرفتار کر لیا گیا ہے، مضبوط چالان مرتب کر کے ملزم کو سخت سزا دلوائی جائے گی۔ ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری نے مزید کہا کہ ہم شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے شب و روز کوشاں ہیں۔ واضح رہے کہ عائشہ جہانزیب نے شوہر کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج کروایا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ شوہر نے تین سے چار مرتبہ تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کیا اور کنپٹی پر پستول رکھ کر دھمکیاں دیں، شوہر نے وقوعہ کے روز میرے ساتھ ساتھ بچوں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا۔ عائشہ جہانزیب کا کہنا تھا کہ میاں بیوی کے ...

بقیہ 42

کی عمریں 18 سے 24 سال کے درمیان تھیں، 1 بہن کی منگنی پر ملزم نوشاد ولد عبدالحلیم ناخوش تھا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ مقتول بہنوں کی والدہ انتقال کر چکی ہیں، جبکہ والد ساتھ میں رہتے ہیں، مقتول بہنوں کا 1 بھائی دبئی میں بھی مقیم ہے۔ صوابی ...

لئے صنعت کے رہنماؤں، پالیسی سازوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، آلات کے مینوفیکچررز، اور صارفین کو اکٹھا کر کے ایل پی جی کے استعمال میں بہترین طریقوں کو فروغ دینے کا مقصد رکھتا ہے۔ اوگرا کے ممبر آئل زین العابدین نے بتایا کہ اوگرا صوبائی حکومتوں کے ساتھ فعال طور پر مشغول ...

آبادی نے ہمارے لئے بڑے چیلنجز پیدا کر دیئے ہیں

وسائل کے ساتھ ماحولیات آلودگی کا بھی سامنا ہے، اگر اب بھی کچھ نہ کیا تو وقت ہاتھ سے نکل جائے گا

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن (ر) اور نگزیب حیدر خان کا عالمی یوم آبادی کے موقع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب

سرگودھا (حاجی محمد ندیم سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان نے کہا ہے کہ آبادی ہمارے لئے بڑے چیلنجز پیدا کر دیئے ہیں۔ ہمیں وسائل کے ساتھ ماحولیات آلودگی کا بھی سامنا ہے، اگر اب بھی کچھ نہ کیا تو وقت ہاتھ سے نکل جائے گا۔ وہ آبادی کے عالمی دن کے موقع پر ضلعی دفتر سرگودھا کے زیر اہتمام آرٹس کونسل کمپلیکس میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ سیمنار میں ضلعی افسر ملک آفتاب اعوان کے علاوہ دیگر افسران، فیلڈ سٹاف، این جی اوز اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ آبادی کا جن ہمارے وسائل چوگنی رفتار سے بڑھ رہا ہے جو کل میں بڑا رخ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر سال آبادی کے عالمی (بقیہ نمبر 1)

سرگودھا: ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان اور ملک آفتاب اعوان عالمی یوم آبادی کے موقع پر سیمنار سے خطاب کر رہے ہیں

حتاریویز بٹ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی تعینات

چار خواتین اراکین، سیکرٹری داخلہ، آئی جی اور دیگر ممبران میں شامل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے حتا پرویز بٹ کو چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی تعینات کر دیا۔ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی تعیناتی کی گئی۔ ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے ممبران میں اراکین پنجاب اسمبلی کنول (بقیہ نمبر 2)

قاتل کو سزائے موت اور دس لاکھ معاوضہ کی سزا کا حکم

رشتے کے تنازعہ پر سخی محمد نے نقیب اللہ کو کلہاڑیوں مار کر قتل کر دیا تھا

سرگودھا (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج میاں شاہد جاوید نے مقدمہ کی کارروائی کا فیصلہ سناتے ہوئے قاتل نقیب اللہ کو کلہاڑیوں کے پے در پے وار کر کے سزا کا حکم سنا دیا۔ زراعت کے سطابق سرگودھا کے قصبہ شاہ پور صدر میں 11 سال قبل 2013 کے دوران رشتے کے تنازعہ پر سخی محمد نے اپنے قاتل نقیب اللہ کو کلہاڑیوں کے پے در پے وار کر کے شدید زخمی کر دیا (بقیہ نمبر 4)

لاہور میں اغواء کا جھوٹا مقدمہ درج کروانے والا گرفتار

ملزم نے خاتون کی جائیداد ہتھیانے کے لیے بلیک میل کیا، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور میں اغواء کا جھوٹا مقدمہ درج کروانے والے شخص کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم شہباز نے نازیہ نام کی خاتون کی جائیداد ہتھیانے اور اغوا کے لیے بلیک میل کیا اور بچوں کو قتل کرنے کی دھمکیاں دیں۔ ملزم کی بیٹی اغوا نے جان بوجھ کر تاریہ سمیت 5 افراد کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کروایا۔ متاثرہ خاتون (بقیہ نمبر 5)

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد کھرچھ اور ایم پی اے لاہور اعوان کے کرش ریکیوری انکشافات کا جائزہ لے رہے ہیں، کمشنر ہیل بھی اور ڈی آر پی اتھارٹی کمال احمد بھی سمیت دیگر افسران کی بھی رائے

محرم الحرام میں امن وامان کو ہر صورت برقرار رکھا جائیگا

ملک صہیب احمد کھرچھ

محرم الحرام میں مذہبی رواداری، بھائی چارے اور اتحاد و یگانگت کی فضا کا قیام ملک کی فکری، نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ناگزیر ہے

سوشل میڈیا پر ہونے والی اشتعال انگیزی، تشدد آمیزی اور فرقہ وارانہ منافرت کو موثر انداز میں گرفت میں لانا ہوگا، صوبائی وزیر مواصلات

سرگودھا (حاجی محمد ندیم سے) صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد کھرچھ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری، بھائی چارے اور اتحاد و یگانگت کی فضا کا قیام ملک کی فکری، نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ناگزیر ہے۔ سوشل میڈیا پر ہونے والی اشتعال انگیزی، تشدد آمیزی اور فرقہ وارانہ منافرت کو موثر انداز میں گرفت میں لانا ہوگا۔ (بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد کھرچھ ڈویژن بھر میں عاشورہ محرم تک کے جلوسوں و مجالس کی سیکیورٹی و انتظامی اقدامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان عالمی یوم آبادی کے موقع پر ایک آگاہی واک کی قیادت کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، ڈاکوؤں نے مسافروں کے اوپر دھاوا بول دیا

لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر گولیاں مار کر زخمی کر دیا گیا

شکور (سید شبیر احمد شاہ سے) کے مطابق کندھ کوٹ کے قریب قاندنگوانی کی حدود معصوم شاہ کے لاڈو اڈاس بائی وے روڈ پر دن دہاڑے ڈاکوں نے جیکب آباد سے کندھ کوٹ جانے والے مسافروں کو گولیاں مار کر شدید زخمی کر دیا ہے مسافروں نے بتایا کہ ہم جیکب آباد سے کندھ کوٹ بائیک پر جا رہے تھے کہ تین ڈاکوں موٹر سائیکل سواروں نے (بقیہ نمبر 8)

''حقوق دو عوام کو بچالو پاکستان کو'' جماعت اسلامی کا احتجاجی کیمپ

امیروں کی حکومت ہونی چاہیے اور غریب عوام کو ٹیکس دینا چاہیے۔ یہ نظام نہیں چلے گا

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز جتوئی) کندھ کوٹ جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کے اعلان کردہ دھرنے کی حمایت میں جماعت اسلامی زون کندھ کوٹ کی جانب سے کھنڈ گھر چوک پر احتجاجی کیمپ لگایا گیا جماعت اسلامی سندھ کے نائب امیر محترم حافظ ضرار اللہ عزیز کی خصوصی شرکت۔ محترم غلام مصطفیٰ جمالی امیر جماعت اسلامی ضلع کشمور، مولانا رفیع الدین چدر رہنما جماعت اسلامی ضلع کشمور، حفیظ اللہ امیر جماعت اسلامی زون (بقیہ نمبر 9)

نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے

60 فیصد نوجوان آبادی کو ملک قوم کے لیے فیتی اثاثہ ہیں، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ 60 فیصد نوجوان آبادی کو ملک قوم کے لیے قیمتی اثاثہ ہیں جسے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے۔ آبادی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس عظیم ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے جو قوم نے ہمیں عوام (بقیہ نمبر 17)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے آئیشن موبائل ایپ متعارف کروادی

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے آئیشن AIOU موبائل ایپ متعارف کروا دی۔ ترجمان کے مطابق تمام رجسٹرڈ طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موبائل کے گوگل پلے سے AIOU آئیشن ایپ کو فوراً سے پہلے ڈاؤن لوڈ کریں۔ سمسٹر اپریل 2024 کے امتحانات کی رول نمبر سلپس ایپ سے ہی ڈاؤن لوڈ کرنی ہوگی یا اپنے علاقائی دفتر سے پی ڈی ایف فارم میں وصول کی جا سکتی ہے۔ یاد رہے کہ آئیشن کے لیے کوئی (بقیہ نمبر 16)

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے رولڈ بیک کے کنٹری ڈائریکٹر جین فن کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

جیکب آباد میں ٹریکٹر نے معصوم بچے کو کچل کر ہلاک کر دیا

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں ٹریکٹر نے معصوم بچے کو کچل کر ہلاک کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے صدر تھانہ کی حدود گاؤں واگی ہوتوں میں ٹریکٹر نے 9 سالہ معصوم بچے رحیم بخش ہوتوں کو کچل کر ہلاک کر دیا۔ اطلاع پر حدود کی پولیس نے بخیج گراٹھ کو سول اسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کی گئی جنکہ پولیس نے ٹریکٹر و ڈرائیور بچہ کو کچل کر فرار کر گئے ٹریکٹر (بقیہ نمبر 19)

کلی مروت، لوڈشیڈنگ کے ستائے افراد کا پیکو دفتر پر دھاوا

گرڈ اسٹیشن میں توڑ پھوڑ، پولیس مظاہرین کے آگے بالکل بے بس نظر آئی

کلی مروت (این این آئی) کلی مروت میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے ستائے افراد نے پٹاور انٹیرنگ سیلائی کمپنی (پیکو) کے دفتر پر دھاوا بول دیا، مشتعل مظاہرین نے گرڈ اسٹیشن میں توڑ پھوڑ کی اور پکارا بھی ضائع کر دیا، پولیس مظاہرین کے آگے بالکل بے بس نظر آئی۔ رپورٹ کے مطابق کلی مروت میں لوڈ شیڈنگ کے ستائے شہریوں نے احتجاج (بقیہ نمبر 18)

محرم الحرام کے سلسلے میں گوجرخان کا فورٹ انتظامات کا جائزہ

تمام تر انتظامات مکمل ہیں افسران محرم الحرام کے سلسلہ میں منتظمین کے ساتھ مکمل کوآرڈینیشن میں ہیں AC خضر ظہور گورائیہ

جلوس مجالس چھوٹے ہوں یا بڑے ہمارے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں جن کے لیے فول پروف انتظامات اولین ترجیح ہے DC وقار حسن چیمہ

گوجرخان (قمر شہزاد) محرم الحرام کے سلسلے میں گوجرخان انتظامیہ نے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی ہدایت پر عملدرآمد کرتے ہوئے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ گوجرخان کا شہر کا ٹریفک ڈائورٹ کیا اور متبادل جائز مہیا کیا۔ انھوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ کے ہمراہ امام بارگاہ حسینین کا دورہ کیا۔ گوجرخان کو مکمل کر لیا تمام انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی وقار حسن چیمہ نے گوجرخان کا دورہ کیا اور مختلف جائزہ لیا انھوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور خود تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ محرم الحرام کے دوران (بقیہ نمبر 15)

گوجرخان جرائم پیشہ عناصر کی محفوظ پناہ بن گیا

موٹر سائیکل رکشے، اور گاڑیوں سے شہری آئے دن محروم ہونے لگے

پولیس تاحال کسی بھی واردات کا سراغ لگانے میں بری طرح ناکام

عوامی حلقوں کا آر پی او، سی پی او اور اپلینڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) قاندنگوجرخان کی حدود میں ڈکیتی لفروں اور چوروں ڈکیتوں نے ایک بار پھر ڈیرے سے حملے ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ پھر ہی آب و تاب کیساتھ جاری ہو متی ہوئی وارداتوں کے پیش نظر شہریوں میں شدید خوف و ہراس اور تشویش پائی جانے لگی ہے معلوم چوآئے روز شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے میں مصروف پولیس کسی بھی واردات کے تاحال نہ ملزمان کرسکی اور نہ ہی کوئی گینگ کا کارندہ اگلی گرفت میں آیا واردات کیسم نمبر 1 پڑاوڑی اسپتال کے باہر سے رجسٹرڈ ہونڈا مرٹیکس کا رکشہ نامعلوم چور (بقیہ نمبر 10)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مائن میں بارش کا پانی داخل، 4 افراد پھنس گئے

اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن کی نگرانی میں ریسکیو کی امدادی کارروائیاں جاری

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار سے) چوآ سیدن شاہ کے موسن سوئن کی بارش مائن میں پانی داخل ہونے سے 4 افراد مائن میں پھنس گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ انسپکٹر مائنز چوہدری اشرف کی نگرانی میں ریسکیو کی امدادی کارروائیاں جاری ایک ڈیڈ باڈی کو نکال لیا گیا چوآ سیدن شاہ کے نواح قصبہ چندو کھرال میں زیادہ بارش ہونے کے باعث بارش کا پانی مائن کے اندر داخل ہو گیا ۔مائن میں 3 خرد و کام کر رہے تھے اسی دوران پانچ آدمیوں میں تین بچوں کا محفوظ (بقیہ نمبر 1)

ایس ایس پی انوش کی عائشہ جہانزیب کو مکمل انصاف کی یقین دہانی

عائشہ جہانزیب کی ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری سے ملاقات

لاہور (این این آئی) شوہر کی جانب سے تشدد کا نشانہ بننے والی ایکٹر پرسن عائشہ جہانزیب نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ایس ایس پی ڈاکٹر انوش مسعود نے عائشہ جہانزیب کو مکمل انصاف کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ خواتین ہماری ریڈ لائن ہیں، ان پر تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری نے کہا کہ ورکنگ یا گھریلو خواتین کا تحفظ (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی: غالیچی پر اگربتیوں کے دور کا بنایا گیا لکڑی کا پل انتظامیہ کی عدم توجہی کا شکار ہے

جیکب آباد میں گرمی کی شدت میں اضافہ

پارہ 46 ڈگری شدت 53 گرمی ہونے لگی، بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شہری بلبلا اٹھے

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں گرمی کی شدت میں اضافہ، پارہ 46 ڈگری شدت 53 ڈگری ہونے لگی، بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شہری بلبلا اٹھے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں جمعرات کو روز گرمی کی شدت میں بے پناہ اضافہ، پارہ درجہ حرارت 46 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا کہ جنکہ شدت 53 سینٹی گریڈ محسوس کی گئی، گرمی کی شدت میں اضافے اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ اور فریٹنگ کی وجہ سے شہر کے کاروباری مراکز سنسان رہے اور کاروبار ٹھپ رہا، قیامت خیز گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، خیر کے (بقیہ نمبر 3)

پسند کی شادی کرنیوالے نوجوان کا ایک بھائی زخمی، دوسرا اغوا

15 روز قبل نوجوان پرویز نے عدالت میں پسند کی شادی کی تھی، ایس ایچ او

لاہور (این این آئی) کھوکی میں پسند کی شادی کرنے والے نوجوان کے بھائیوں پر لڑکی کے گھر والوں نے حملہ کر دیا۔ پولیس کے مطابق اوڈا سول کورٹ کے باہر حملے میں مذکورہ نوجوان کا ایک بھائی زخمی ہو گیا جنکہ دوسرے بھائی کو اغوا کر لیا گیا۔ حقیقت تھانے کے ایس ایچ او کے مطابق 15 روز قبل نوجوان پرویز نے عدالت میں پسند کی شادی کی تھی۔ پرویز نے بھائیوں نے لڑکی کے گھر والوں کے خلاف ہراسمنٹ کی پٹیشن دائر (بقیہ نمبر 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

سول ڈیفنس فائر سیفٹی ٹریننگ کے دوسرے مرحلے کا آغاز

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بھلوال اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال کے عملہ کو فائر سیفٹی ٹریننگ دی گئی

نجی ہسپتالوں کی انتظامیہ فائر سیفٹی کے انتظامات بروقت مکمل کریں، سول ڈیفنس آفیسر سائرہ رفیق خان

سرگودھا (حاجی محمد ندیم سے) ڈپٹی کمشنر و کنٹرول مکمل سول ڈیفنس کیپٹن (ریٹائرڈ) اورنگزیب حیدر خان کی ہدایت پر ضلع بھر کے تمام سرکاری و نجی ہسپتالوں میں سول ڈیفنس و سیفٹی ٹریننگ کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر اتھارٹی ڈاکٹر محمد اسلم اسدی سرپرستی اور سول ڈیفنس آفیسر سائرہ رفیق خان کی سربراہی میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بھلوال اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال کے عملہ کو فائر و ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ آگے (بقیہ نمبر 20)

سرگودھا: سول ڈیفنس کے انسٹرکٹر سرکاری ہسپتالوں کے عملہ میں فائر سیفٹی ٹریننگ دے رہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا نے صوبائی تین بہنوں کے قتل کا نوٹس لے لیا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبائی میں تین بہنوں کے قتل کا نوٹس لے لیا۔ صوبائی میں تین بہنوں کا قتل گورنر خیبر پختونخوا نے پولیس سے رپورٹ طلب کر لی ۔ ہماری اطلاعات کے مطابق فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بھائی کے ہاتھوں بہنوں کا قتل دکھ اور تشویشناک ہے۔ گورنر نے پی کے صوبائی کے گاؤں زیدہ میں ہونے والے سانحہ پر آئی جی کے پی پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2)

دہشتگردوں کو ایک ایک شہید کا حساب دینا ہوگا، سلیم ماڑوی والا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر سلیم ماڑوی والا نے پٹاڑ کے علاقہ قسمن خیل میں پاک فوج اور پولیس کے جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے شہیدوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی دہشتگردوں کو ایک ایک شہید کا حساب دینا ہوگا۔ اپنے بیان میں سلیم ماڑوی والا نے کہا کہ اسٹیکر تاج میر شاہ، ایس آئی محمد اکرم، سپاہی محمد اویس اور سپاہی بادم گل کی شہادت کا سن کر دل (بقیہ نمبر 4)

سستے بازار میں آتشزدگی کی تحقیقات کیلئے 9 رکنی کمیٹی قائم

کمیٹی آگ لگنے کی وجوہات اور نقصانات کا تخمینہ لگائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر ایچ ٹائن کے سستے بازار میں گزشتہ روز لگنے والی ہولناک آتشزدگی کی تحقیقات کے لیے 9 رکنی تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی گئی جو 7 روز میں تحقیقات مکمل کر کے رپورٹ پیش کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 2)

سیف سٹی و رچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی بروقت کارروائی

داتا دربار کے قریب لڑکی کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) سیف سٹی و رچوئل ویمن پولیس سٹیشن نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے داتا دربار کے قریب لڑکی کو ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کروا دیا۔ ترجمان سیف سٹیزر اتھارٹی کے مطابق ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن میں خاتون نے ٹیں میں ہراسگی کی شکایت درج کروائی، خاتون نے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کو متعلقہ ٹیس کی لوکیشن بتائی، سیف سٹی نے کیمروں کے ذریعے ٹیس کو فالو کیا اور پولیس کو ٹیس کے لگے شاپ پر بھیج دیا، ٹیس (بقیہ نمبر 3)



راولپنڈی: گولانڈی سڑک کنارے کاریگر چارپائیاں تیار کر رہے ہیں

کروڑوں کی لاگت سے جی ٹی روڈ پر لگی لائٹس فعال نہ ہو سکیں

شہر کی حدود میں نجی سوسائٹیز کی لائٹس کبھی خراب نہ ہوئیں سرکاری لائٹس کا بھی پروجیکٹ دونوں سوسائٹیز کو دیا جائے

متعلقہ ڈیپارٹمنٹ ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہر بار عارضی جگاڑ لگا کر سرکاری خزانے سے رقم کا ضیاع دھڑلے سے جاری

گوجرخان (قمر شہزاد) جی ٹی روڈ گوجرخان کی خوبصورتی اور شہری حدود میں روڈ کو روشن رکھنے کے لیے کروڑوں روپے کی لاگت سے روڈ کے دسلا میں لگائی گئی لائٹس آئے دن خراب رہنا معمول بن گیا جس رات کو جی ٹی روڈ پر اندھیروں کا راج ہوتا ہے ہر بار بلدیہ گوجرخان کا انجینئرنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہو کر عارضی جگاڑ لگا کر لائٹس کو آن کر کے بے دریغ سرکاری خزانے کا نقصان دھڑلے سے کرنے میں مصروف ہے عرصہ دراز سے اس معاملے کو پرنٹ میڈیا کے ذریعے پانی لائٹ کر کے حکام بالا کی توجہ مبذول کروائی جا رہی (بقیہ نمبر 25)